© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

ملتان(6جولائی) مجلس احرارِاسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ ”تحفظِ پاکستان بل“ کے نام پر پولیس کولوگوں کو بھون دینے کا لائسنس دیا گیا ہے، جس کا کوئی جواز نہیں، صدر اگر واقعی صدارت کے منصب پر فائز ہیں، تو اس بل پر دستخط نہ کریں، وہ گزشتہ روز جامع مسجد ختم نبوت دارِ بنی ہاشم ملتان میں نماز جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ پولیس کی گولی سے ہلاک ہونے والے کے بارے میں کون فیصلہ کرے گا کہ مرنے والا شخص مُشتبہ تھا یا نہیں انہوں نے کہا کہ اس بل کے ذریعے ملک کو پولیس سٹیٹ بنایا جا رہا ہے حالانکہ پہلے ہی پولیس اور سرکاری اداروں کے پاس بے تحاشہ اختیارات ہیں، جن سے بے گناہ انسانوں پر قانون آزمایا جاتا ہے۔ مجلس احرارِاسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ”تحفظِ پاکستان بل“ کے نام پر پولیس کو لامتناہی اختیارات دے کر ملک کو تباہی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، اس کے نتائج کسی صورت مُثبت نہیں ہو سکتے، انہوں نے کہا کہ یہ قانون آئین کے آرٹیکل 10,8 اور 14 سے صریحاً متصادم ہے اور بنیادی انسانی وشہری حقوق کی نفی بھی ہے۔ علاوہ ازیں مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد کو آگے بڑھانا اللہ ورسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خوشنودی حاصل کرنے کے مترادف ہے، انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ تحفظ ختم نبوت کے مشن کی آبیاری کے لیے رمضان میں اپنا کردار ادا کریں اور اپنے روزے کی حفاظت کے لیے قادیانی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔

❁ ❁ ❁

لاہور(7جولائی) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے ایوان احرار نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں درس قرآن دیتے ہوئے کہا ہے کہ دین والوں پر مشکل وقت آ گیا ہے موجودہ حکمران دینی قوتوں کو دیوار سے لگانے کا خواب دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لادین حکمرانوں کے یہ خواب کبھی بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ مشکلات اور مصائب حضور ﷺ نے برداشت کیے۔ دینی قوتیں متحد ہو کر احیائے دین کی جدوجہد تیز تر کر دیں، عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور محاسبۂ قادیانیت کی جدوجہد جاری رہیگی اس پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا قادیانی مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کا ایمان لوٹ رہے ہیں۔ مسلمانوں کے ایمانوں کا تحفظ وقت کا سب سے بڑا تقاضا ہے۔ عالمی استعمار پاکستان کی شناخت تبدیل کرنے اور نظریہ پاکستان کی بنیادوں کو مسمار کرنے کی سازشیں کر رہا ہے دینی جماعتیں اور دینی مدارس پاکستان کے تحفظ اور احیائے دین کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ پاکستان کی نظریاتی اساس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تبدیل کرنے کی سازشیں ناکام بنادی جائیں گی۔ بعدازاں افطاری کا اہتمام کیا گیا اور تمام شرکاء نے اجتماعی افطار کیا۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (9 جولائی) مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے انکشاف کیا ہے کہ قادیانی ملک کے متعدد شہری و دیہاتی اور خصوصاً پسماندہ علاقوں میں سحر و افطار اور امدادی پیکج کے ذریعے غریب اور سادہ لوح مسلمانوں کو ورغلا کر مُرتد بنا رہے ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کر رہے ہیں ،اپنے بیان میں انھوں نے کہا کہ کراچی کی 10 ساحلی بستیاں قادیانیوں کا خصوصی ہدف ہیں اور غریب و مفلس افراد میں راشن، کپڑے اور عید گفٹ تقسیم کرنے کیلئے قادیانی جماعت نے 12 کروڑ روپے مختص کئے ہیں صرف کراچی میں 8 مراکز میں سادہ لوح مسلمانوں کو افطار کے نام پر گمراہ کیا جارہا ہے۔عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ امریکہ اور یورپی یونین پاکستان کے آئین سے قادیانی ایکٹ نکلوانے کیلئے پہلے سے زیادہ متحرک ہیں اور امریکی کانگریس میں ''کاکس'' بنوائی گئی اور پاکستان کے خلاف خصوصی مہم کیلئے قادیانیوں کو مہرے کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔انھوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اس بات کا جائزہ لینا چاہئے کہ سیاسی جماعتوں میں قادیانی ایلیمنٹ کتنا اثر رکھتا ہے،انھوں نے واضح کیا کہ آئین پاکستان سے توہین رسالت اور امتناع قادیانیت قانون کے خلاف مہم کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی۔انھوں نے دینی جماعتوں اور عوام پر زور دیا کہ وہ رمضان المبارک میں تحفظ ختمِ نبوت کے مشن اور محاذ کو مضبوط کر کے اللہ کی رضا حاصل کریں اور قادیانی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے علاوہ ازیں عبداللطیف خالد چیمہ نے قادیانیوں کی ملکی و بین الاقوامی سرگرمیوں کے حوالے سے بعض اخباری رپورٹس مقتدر حلقوں اور دینی و سیاسی زعماء کو ارسال کی ہیں۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (12 جولائی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم تبلیغ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے گزشتہ روز دفتر احرار جامع مسجد چیچہ وطنی میں مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ سے ملاقات کی ملاقات میں قادیانیوں کی دستورِ پاکستان کے حوالے سے منفی سرگرمیوں اور بین الاقوامی طاقتوں کی سرپرستی میں جاری ارتدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا اور طے پایا کہ قادیانیوں کی ملک دشمن اور بین الاقوامی سرگرمیوں کو واچ کرنے کے لیے منظم میڈیا مہم چلائی جائے گی۔ بعدازاں عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے مشترکہ اخباری بیان میں کہا کہ قادیانی انسانی سمگلنگ کے ذریعے دنیا بھر میں اِرتداد کو لانچ کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جرمنی میں ہیومن ٹریفکنگ کے الزام میں کئی قادیانی رہنما ابھی تک جیل میں بند ہیں، انہوں نے بتایا کہ سری لنکا میں بھی 117 مشتبہ قادیانی گرفتار ہیں اور دنیا بھر میں قادیانی پاکستان کی بدنامی کا موجب بن رہے ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں قادیانی اسلام اور مسلمانوں کا ٹائٹل استعمال کر کے اسلام اور مسلمانوں کا استحصال کر رہے ہیں اقوام متحدہ اور عالمی اداروں کو بین الاقوامی قوانین کے تحت اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ دونوں رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ چناب نگر میں حکومتی رٹ قائم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرے اور امتناع قادیانیت ایک پر مؤثر عمل درآمد کرے۔

❁ ❁ ❁

لاہور (23 جولائی) اُم المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ کا یوم وفات پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا گیا۔ اس موقع پر مجلس احرار اسلام، اہل سنت والجماعت، مجلس خدام صحابہ اور کئی دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے فضائل ومناقب پر ملک کے مختلف حصوں میں اجتماعات منعقد ہوئے اور حضرت سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے فضائل ومناقب تفصیل سے بیان کیے گئے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد یوسف احرار، مولانا محمد مغیرہ، حافظ محمد عابد مسعود، مولانا تنویر الحسن اور کئی دوسرے رہنماؤں نے اپنے اپنے بیانات میں کہا کہ سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے بستر پر اللہ کا قرآن اترا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری آرام گاہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا حجرہ تھا، اللہ پاک ان کی صفائی کیلئے خود بول پڑے۔ تحریک طلباء اسلام پاکستان کے مرکزی کنونیر محمد قاسم چیمہ، ثاقب افتخار، حارث علی، محمد عثمان، حافظ ابوبکر، محمد وقاص اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے دو ہزار سے زیادہ احادیث مبارکہ مروی ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی زندگی مبارک خواتین اسلام کیلئے آئیڈیل زندگی ہے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے تذکرے کے بغیر تاریخ اسلام نامکمل ہے۔ مختلف جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا کہ ہمارے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کو بے حیائی اور فحاشی کو ترک کر کے اسلامی تعلیمات کو فروغ دینا چاہئے۔ علاوہ ازیں ملک کے مختلف حصوں میں ’’یومِ غزوہ بدر‘‘ بھی منایا گیا۔

❁ ❁ ❁

لاہور (۳؍اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ مظلوم فلسطینیوں پر ہونے والے ظلم پر خاموشی قابلِ مذمت ہی نہیں قابلِ نفرت بھی ہے وہ گزشتہ روز دفتر احرار نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں ایک اصلاحی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں ہونے والا واقعہ قادیانیوں کی بدمعاشی، پولیس اور قانون نافذ کرنے والوں کی نااہلی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوس ناک واقعے کی غیر جانبدارانہ انکوائری کرائی جائے تاکہ واقع کے اصل محرکات وعوامل بھی سامنے آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم قادیانیوں کی ایف آئی آر کو مسترد کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ تفتیشی ٹیم میں گوجرانوالہ امن کمیٹی کے ارکان کو بھی شامل کیا جائے۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۳؍اگست) جمعیت علماء اسلام پنجاب (س) کے کوارڈینیٹر پیر محمد یوسف بخاری نے کہا ہے کہ ہمارا ایجنڈا ملک میں پرامن تبدیلی ہے اور ہم تبدیلی برائے اسلام کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں وہ جمعیت علماء اسلام (س) چیچہ وطنی کے زیر اہتمام علماء کرام اور دینی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر جے یو آئی کے ضلعی سیکرٹری مولانا عبدالستار عثمانی، قاری ضیاء الرحمان رحیمی اور قاری محمد عثمان خالد بھی موجود تھے، انہوں نے کہا ہے کہ جمعیت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



،مولانا سمیع الحق کی قیادت میں پاکستان کو اسلامی ریاست بنانے کیلئے پر امن طریقے سے کام کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ وہ دن قریب آرہا ہے جب قائداعظم کا پاکستان قائداعظم کی خوابوں کی تعبیر بن کر سامنے آئے گا اور ملک میں عادلانہ نظام قائم ہو کر رہے گا۔انہوں نے کہا کہ 14 اگست یوم آزادی کا یادگار دن ہے اس روز کو فساد کی نذر نہیں کرنا چاہئے علاوہ ازیں انہوں نے مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہء خیال کیا اس موقع پر پیر محمد یوسف بخاری نے بتایا کہ پاکستان عوامی تحریک کے مرکزی صدر شیخ زاہد فیاض نے جے یو آئی سے رابطہ کر کے کہا ہے کہ تبدیلی کیلئے ان سے تعاون کیا جائے جس پر جے یو آئی (س) نے ان کو جواب دیا کہ تبدیلی والی بات ٹھیک ہے لیکن ملک اس وقت سخت بحران میں مبتلا ہے ایسے حالات میں ملک کسی احتجاجی تحریک کا متحمل نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ اگر ڈاکٹر طاہر القادری کا ایجنڈا شریعت کا نفاذ ہے تو وہ کھل کر اعلان کریں کہ شریعت کے نفاذ کیلئے شریعت مارچ ہوگا ،انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو اپنی آئینی مدت پوری کرنے دینا چاہیئے دریں اثناء انہوں نے ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ سے بھی ملاقات ومشاورات کی ،اہلسنت الجماعت کے ضلعی صدر مولانا عثمان حیدر نے بھی پیر محمد یوسف بخاری سے ملاقات کی اور چیچہ وطنی میں توہین صحابہ کے دلخراش واقعے کی تفصیل سے اگاہ کیا پیر محمد یوسف بخاری نے مطالبہ کیا کہ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔

❁ ❁ ❁

چیچہ وطنی (۳/اگست) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ کا افسوس ناک واقعہ قادیانیوں کی غنڈہ گردی اور پولیس کی نا اہلی کا نتیجہ ہے وہ ملتان سے لاہور جاتے ہوئے یہاں عبداللطیف خالد چیمہ سے ملاقات کے بعد احرار میڈیا سینٹر میں خطاب کر رہے تھے،انہوں نے کہا کہ بعض واقعات کو بادی النظر میں بھی دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے،انہوں نے کہا کہ اس واقعے کی غیر جانبدارانہ انکوائری کرائی جائے اور واقعے کے اصل محرکات سامنے لائیں جائیں علاوہ ازیں ساہیوال ،ٹوبہ ٹیک سنگھ اور خان پور سے مختلف علماء کرام اور دینی رہنماؤں کے مختلف وفود نے مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اس موقع مختلف وفود سے گفتگو میں عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ ہماری جدوجہد کا محور ومرکز اللہ کی مخلوق کو انسانوں کی غلامی سے نکال کر ایک اللہ کی غلامی میں لانا ہے اور یہی انسانیت کی معراج ہے،انہوں نے کہا کہ انسان کے بنائے ہوئے قوانین نے انسانیت کا بری طرح استحصال کیا ہے جبکہ الہامی وآسمانی تعلیمات میں انسانیت کی فلاح مضمر ہے،انہوں نے کہا کہ ڈیما کریسی کے راستے سے اسلام تو دور کی بات ہے اصلاحِ احوال بھی ممکن نہیں !انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ تعلیم وتربیت اور میڈیا ولابنگ جیسے اہم محاذوں پر زیادہ توجہ دیں کہ انہی راستوں سے عالم کفر نے غلبہ حاصل کیا ہے۔

❁ ❁ ❁



© rasailojaraid.com